21848 ـ ایک ماہ روزہ رکھنے کی نذر مانی تو کیا وہ ماہواری کی قضاء کرے گی ؟

سوال

میں نے ایک ماہ روزے رکھنے کی نذر مانی تھی، تو کیا جن ایام میں مجھے حیض آئے گا ان کی بعد میں قضاء کرنا ہوگی ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

جب کوئی عورت ایک ماہ روزے رکھنے کی نذر مانے تو وہ اپنے ایام حیض کے روزے کی قضاء کرے گی، جس طرح وہ ماہ رمضان میں ایام حیض کی قضاء کرتی ہے.

دیکھیں: المغنی لابن قدامۃ المقدسی (10 / 86).

مستقل فتوی کمیٹی سے اس جیسا ہی سوال دریافت کیا گیا تو اس کا جواب تھا:

" جس ماہ کے روزوں کی اس نے نذر مانی تھی اس کے روزے رکھنا اس پر واجب ہیں، اور ماہواری کی بنا پر وہ کچھ ایام روزے نہ رکھے تو اس پر اتنے ایام کی قضاء کرنا لازم ہے جو ماہواری کی بنا پر روزے نہیں رکھے.

اللہ تعالی ہی توفیق بخشنے والا ہے.

فتاوی اللجنۃ الدائمۃ للبحوث العلمیۃ والافتاء (23 / 336).

واللہ اعلم .